© rasailojaraid.com



ترجمہ وانتخاب
مولانا محمد ادریس سلفی حفظہ اللہ
فاضل مدینہ یونیورسٹی۔ مدرس جامعہ سلفیہ

# سپّاں دے پُت مِتر نئیں بَن دے............

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے وفات سے چند روز قبل یہود کو جمع کر کے خطبہ ارشاد فرمایا:

"اور خداوند تجھے (بنو اسرائیل) ایک سرے سے دوسرے سرے تک تمام لوگوں میں پراگندہ کرے گا۔ ان قوموں کے بیچ تجھ کو چین نصیب نہ ہوگا اور نہ تیرے پاؤں کے تلوے کو آرام ملے گا۔ تیری جان دبدہے میں اٹکی رہے گی اور تُو رات دِن ڈرتا رہے گا اور تیری زندگی کا کوئی ٹھکانہ نہ ہوگا۔" (توراۃ، استثناء باب: ۲۸ فقرہ نمبر ۲۵)

عیسائی مورخ ایڈورڈ "عطیہ دی عزیز" صفحہ نمبر 125 کے بقول ترکوں کی پوری تاریخ حکومت میں یہود کے ساتھ رواداری برتی گئی، جبکہ اس وقت یورپ میں ان پر ظلم روا رکھا گیا۔ انگلستان میں بقول ڈاکٹر آرنالڈ "دعوت اسلام" صفحہ 93 یہود کا داخلہ تین سو پچاس سال بند رکھا گیا۔ رسول گرامی قدر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اقوام و ادیان عالم میں سب سے پہلا معاہدہ امن و آشتی یہود سے تحریر فرمایا۔ یہود سے راہ و رسم پیدا کرنے کے لیے قرض کالین دین، تیمارداری تک فرماتے۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہودی پڑوسی سے بھی عام مسلمان کی طرح حق پڑوس کا خیال رکھتے۔ مگر

سَپاں دے پُت مِتر نئیں بَن دے.......... پاویں چلیاں دُدھ پلائیے ہُو

امریکی مصور "نورمان جرشمان" نے بیت المقدس شہر کے مغرب میں ایک تصویری نمائش کے دوران حقائق کی عکاسی کرنے والے کچھ ایسے شہ پارے پیش کیے ہیں جنہیں اس نے مغرب و امریکہ کے اسلام



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


کے خلاف معاندانہ رویے اور اسے ایک ہیبت ناک مذہب ثابت کرنے کے دفاع میں پیش کیا ہے۔

اس نمائش میں اس نے کچھ ایسی زبانی شہادتیں' انٹرویوز اور تصاویر پیش کی ہیں جو اس نے خصوصاً البانیہ سے حاصل کی ہیں۔ جن میں اس کی توثیق ہوتی ہے کہ دوسری عالمی جنگ میں نازی ازم اور دیگر تحریکات سے فرار اختیار کرنے والے سینکڑوں یہودیوں کو وہاں موجود مسلمانوں نے پناہ دی۔

اپنی نمائش' جس کا اس نے نام ''کلمہ حق'' تجویز کیا ہے' ''دوسرا رُخ'' نامی ایک واقعہ کا تذکرہ کرتا ہے۔ جس میں البانوی مسلمانوں نے خطرات مول لیتے ہوئے انسانیت دوست کی بے نظیر تاریخ رقم کی ہے۔

نورمان جو خود ایک یہودی ہے' بیان کرتا ہے کہ مجھے جب اچانک ایک واقعہ سننے میں آیا تو اس کی تصدیق کا عزم کیا تاکہ حقائق سے باخبر ہوسکوں۔ چنانچہ میں نے البانوی مسلمانوں کی طرف چار سال مسلسل سفر اور ملاقاتوں کا پُرکٹھن عرصہ صرف کیا تاکہ دوسری عالمی جنگ کے بعد البانوی مسلمانوں پر سوشلزم کے باعث جو دباؤ اور خوف کی فضا کے بسبب حقائق پس پردہ چلے گئے تھے۔ انہیں سامنے لا سکوں۔ چنانچہ سینکڑوں ملاقاتوں سے یہ بات پایہ ثبوت تک پہنچی کہ مختلف یورپی ممالک سے نازی ازم کے ستائے ہوئے ہزاروں یہود البانیہ میں داخل ہوئے جنہیں وہاں کے مسلم خاندانوں نے ان کے دشمن کی نگاہ سے چھپایا اور باوقار پناہ کے ساتھ ساتھ ضروریاتِ زندگی مہیا کیں۔ چنانچہ جلے کٹے یہود کے ساتھ انہوں نے معاشی ضروریات کے علاوہ رہائش گاہیں بھی بلا مفاد صرف اسلام کی اس روح کے تحت ہبۃ دے دیں کہ ان کا دین ضرورت مند مقہور مظلوم انسان کی مدد کا حکم دیتا ہے۔ نورمان کہتا ہے کہ اس نمائش کا اصل محرک وہ اسلامی تہذیب کا خوبصورت چہرہ ہے جو مجھے اسلام کے متعلق جاننے سے سامنے آیا۔ جس سے میں ازحد متاثر ہوا۔ نورمان کے بقول ''اسلام'' کے متعلق پے درپے سامنے لائے جانے والے ایسے خیالات جو اسے ایک خوفناک' دہشت گرد مذہب کی صورت بنا کر پیش کر رہے ہیں اور یہ کہ مسلمان گویا مجسمہ خوف ہے' انتہائی غیر درست اور من پسند غیر معقول نتائج ہیں۔

مجھے امریکی وسواس وشبہات کا اچھی طرح علم ہے جب امریکہ اس قدر روس سے خوف میں مبتلا رہتا کہ ان کے خیال میں ان کی ہر چارپائی تلے گویا روسی موجود ہے' جو انہیں جب چاہے' جیسے چاہے تباہ کرسکتا ہے۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



البانوی مسلمانوں کی تصویری شہادتیں اس کی بات غمازی کرتی ہیں کہ ان کا یہود کو محفوظ ہاتھوں میں امن مہیا کرنا ایسے بے نظیر واقعات ہیں جوان کے ہاں اعلیٰ اقدار و اخلاق کی دلیل ہیں اور انہیں انسانوں سے وفاداری اور ہم آہنگی پر اُکساتے ہیں۔

نورمان نے وہاں شہادتیں پیش کی ہیں کہ کیسے کیسے دوسری عالمی جنگ کے وقت البانیہ کے حاکم ''مہدی فراشری'' نے نازیوں کو اپنے وطن میں آئے یہود کے نام، پتے اور ٹھکانے مہیا کرنے کی درخواست ٹھکرا دی اور اپنی عوام سے اپیل کی کہ پناہ گزیں یہود کی حفاظت و رعایت میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں بلکہ مہدی نے اپیل کی کہ میرے ہم وطنو! یاد رکھو اللہ تعالیٰ کے ہاں آدم علیہ السلام کی تمام اولاد انسان ہونے میں برابر ہیں۔ لہٰذا یہودی بچے تمہارے اپنے بچوں کی طرح کھانا اور رہائش گاہ کا حق رکھتے ہیں۔

دُکاندار ...... نورمان کے نزدیک جس گواہی نے اسے سب سے زیادہ متاثر کیا وہ ایک البانوی دُکاندار ''علی باکیر'' کا واقع ہے۔ علی باکیر کا بیان ہے کہ ایک روز میری دُکان کے سامنے نازی فوجیوں کی گاڑی آ کر رُکی۔ ان کے پاس دیگر افراد کے ساتھ ساتھ یہودی نوجوان اس میں موجود تھا جسے انہوں نے قتل کرنے کے لیے وہاں بند کر رکھا تھا۔ میں نے ان فوجیوں کو اتنی دیر کھانے پینے میں مشغول رکھا کہ وہ نوجوان بھاگ سکے۔ چنانچہ وہ نوجوان موقعہ پا کر وہاں سے نکلا اور پاس جنگل میں چھپ گیا۔ جب فوجی چلے گئے علی باکیر نے اس نوجوان کو تلاش کیا اور پھر دو سال تک اپنے پاس حفاظت اور جگہ دی۔ چنانچہ وہ جنگ کے اختتام پر میکسیکو چلا گیا۔ وہ یہودی ابھی اسی سال کی عمر میں بقید حیات ہے اور وقتاً فوقتاً اس احسان کی بناء پر علی باکیر کے بچوں سے ملنے آ جاتا ہے۔

نورمان نے اس تصویری نمائش کے ساتھ ساتھ مستقبل میں اس ارادہ کا اظہار بھی کیا ہے کہ یہ تصویری نمائش، ویڈیو کی شکل میں بھی سامنے لانے والا ہوں اور بیت المقدس کے اس مغربی جانب ان البانوی پناہ دہندگان اور بقید حیات پناہ حاصل کرنے والے یہود کی ملاقاتوں کا اہتمام بھی کرنا چاہتا ہوں۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆



© rasailojaraid.com